***Journal of Religion & Society* (JR&S)**
Available Online:
https://islamicreligious.com/index.php/Journal/index
Print ISSN: 3006-1296Online ISSN: 3006-130X
Platform & Workflow by: Open Journal Systems

A Research Review of the Jurisprudential Distinction of Fatawa Haqqaniyyah and the Intellectual Methodology and Style of its Compilers.

فتاویٰ حقانیہ کا فقہی امتیاز اور مرتبین کے فکری منہج و اسلوب کا تحقیقی جائزہ

Muhammad Abu Bakar Saqi
Ph. D Scholar, Department of Islamic Studies, The Imperial College of Business Studies Lahore
abubakarsaqi@gmail.com
Dr. Mohammad Naveed Iqbal
Assistant professor, Imperial College of Business Studies, Lahore.

ABSTRACT
The The credit for a monumental juristic achievement such as Fatawa-e-Haqaniyyah rightfully belongs to a great religious, scholarly, and spiritual institution that has rendered invaluable services to the disciplines of Islamic jurisprudence, fatwa writing, and religious guidance in the Indian subcontinent. Fatawa-e-Haqaniyyah is not merely a compilation of legal verdicts; rather, it represents the continuity of the subcontinent's juristic and scholarly tradition, reflects the refined academic temperament of the elders of Deoband, and stands as a mirror of the scholarly grandeur of Darul Uloom Haqqania, Akora Khattak.An introduction to this juristic encyclopedia is inseparably linked with the history of the religious and scholarly institution whose foundation was laid in 1947 by Shaykh 'Abdul Haqq Haqqan (رحمہ اللہ) This institution is a true manifestation of its founder's sincerity, piety, intellectual insight, and juristic mastery. Since its establishment, Darul Uloom Haqqania has attained a distinguished position in the scholarly and juristic landscape of the subcontinent that requires no formal introduction. From its halls emerged men of distinction who left indelible marks in the fields of teaching and instruction, iftā' (fatwa issuance), authorship and compilation, and the moral and spiritual reform of the Ummah.Among these distinguished personalities are the eminent students and scholarly successors of Hazrat Mawlana 'Abdul Haqq (رحمہ اللہ), most notably Mufti Mahmood (رحمہ اللہ), followed by such towering figures as Mufti Nizamuddin Shamzai (رحمہ اللہ), Mufti Muhammad Shafi' (رحمہ اللہ), and Mufti Muhammad Yusuf Banuri (رحمہ اللہ). These luminaries, drawing upon the principles of Hanafi jurisprudence, transformed the practice of fatwa writing into a structured, systematic, and highly developed scholarly discipline. Special attention has also been given in Fatawa-e-Haqaniyyah to juristic issues that have emerged in the modern era. This collection includes contemporary fatwas issued by the Dar al-Ifta of Jamia Darul Uloom Haqqania, many of which had previously been published in the monthly journal Al-Haqq. These modern legal verdicts have been systematically incorporated into the relevant chapters in accordance with their thematic relevance, so as to preserve the encyclopedic nature of the work and ensure its harmony with contemporary needs.This scholarly methodology serves as clear evidence that Fatawa-e-Haqaniyyah is not merely a reflection of traditional juristic scholarship, but also an effective guide for addressing modern challenges through sound intellectual and Shar'i solutions. In this way, it provides the reader

with practical and relevant juristic guidance that corresponds to the demands and complexities of the present age.

Keyword: *Fatawa Haqqaniyya, Jurisprudential Methodology, Style, Scholars, And the Scholarly Influence of Abdul Haqqani*

تعارفِ موضوع

فتاویٰ حقانیہ جیسے عظیم فقہی کارنامے کا سہرا ایک عظیم دینی، علمی اور روحانی ادارے کے سر سجا ہوا ہے، جس نے برصغیر پاک و ہند میں علمِ فقہ، فتویٰ نویسی اور دینی رہنمائی کے میدان میں گراں قدر خدمات انجام دی ہیں۔ ''فتاویٰ حقانیہ'' محض فتاویٰ کا ایک مجموعہ نہیں بلکہ یہ برصغیر کی فقہی و علمی روایت کا تسلسل، اکابرِ دیوبند کے علمی ذوق کی جھلک اور دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کی علمی عظمت کا آئینہ دار ہے۔اس فقہی انسائیکلوپیڈیا کا تعارف دراصل اُس دینی و علمی ادارے کی تاریخ سے جڑا ہے جس کی بنیاد شیخ عبد الحق حقانیؒ نے ۱۹۴۷ء میں رکھی۔ یہ ادارہ اپنے بانی کے اخلاص، تقویٰ، علمی بصیرت اور فقہی تبحر کا مظہر ہے۔ دارالعلوم حقانیہ نے اپنے قیام سے لے کر آج تک برصغیر کی علمی و فقہی دنیا میں جو مقام حاصل کیا ہے، وہ کسی تعارف کا محتاج نہیں۔ یہاں سے وہ رجالِ کار نکلے جنہوں نے درس و تدریس، افتاء، تصنیف و تالیف، اور اصلاحِ امت کے میدانوں میں ناقابلِ فراموش نقوش چھوڑے۔ انہی رجال میں سے ایک ممتاز نام حضرت مولانا عبد الحقؒ کے شاگردِ رشید اور علمی جانشین مفتی محمودؒ اور ان کے بعد مفتی نظام الدین شامزئیؒ، مفتی محمد شفیعؒ، اور مفتی محمد یوسف بنوریؒ جیسے اکابر کا ہے جنہوں نے فقہِ حنفی کی روشنی میں فتویٰ نویسی کو ایک منظم علمی فن بنا دیا۔

دار العلوم حقانیہ کا سببِ قیام

1947ء میں تقسیم ہند کے طوفانی حالات اور سماجی ابتری کے درمیان، حضرت مولانا عبد الحق حقانیؒ نے اپنے آبائی علاقے اکوڑہ خٹک میں ایک علمی مرکز قائم کرنے کا عظیم فریضہ قبول کیا۔ اس کٹھن دور میں جہاں معاشرتی انتشار عام تھا، انہوں نے دین کی تعلیم اور طلبہ کی تربیت کے لیے ایک جامع درسگاہ کی بنیاد رکھی۔ اس اقدام کا مقصد نہ صرف دین کی بقا اور علم کی حفاظت تھا بلکہ ایک ایسا ادارہ قائم کرنا بھی تھا جہاں نوجوان علمی اور روحانی تربیت حاصل کر کے اپنی امت کی خدمت کر سکیں۔ یہ سببِ قیام فکری بصیرت اور عملی حکمت کا روشن نمونہ تھا جس نے دار العلوم حقانیہ کو علمی و روحانی مرکز کی حیثیت دی۔ مولانا تقی عثمانی لکھتے ہیں:

> سنہ 1947ء میں اپنے آبائی علاقے اکوڑہ خٹک تشریف لائے، اور تقسیمِ ہند کے ہنگاموں اور بدامنی کے باعث واپسی ممکن نہ رہی تو اپنے علاقے کی مسجد میں درس و تدریس کا سلسلہ شروع فرمایا۔[1]

حضرت مولانا عبد الحق حقانیؒ کی جانب سے اکوڑہ خٹک میں دار العلوم حقانیہ کا قیام ایک دوراہے پر سامنے آیا جہاں برصغیر کی تقسیم نے مسلم معاشرے کو شدید بحران سے دوچار کیا تھا۔ اس وقت نہ صرف سیاسی و سماجی حالات کشیدہ تھے بلکہ دینی و تعلیمی ادارے بھی اپنی بقاء کے لیے کوشاں تھے۔ ایسی صورت میں آپؒ نے نہ صرف اپنی ذاتی مشکلات کے باوجود تعلیم و تربیت کا بیڑہ اٹھایا بلکہ ایک ایسا تعلیمی ادارہ قائم کیا جو مذہبی و علمی اعتبار سے مستقل اثرات کا حامل ہوا۔ اس قیام نے علاقے میں دینی تعلیم کو فروغ دیا، طلبہ کی علمی استعداد میں اضافہ کیا اور معاشرتی بگاڑ کے خلاف ایک مضبوط علمی تحریک کا آغاز کیا۔ یہ ادارہ آج بھی ان کے وژن اور فکر کا زندہ ثبوت ہے، جو علمی استقامت اور دینی خدمت کے اعلیٰ معیار کی نمائندگی کرتا ہے۔

فتاویٰ اور تحقیقی خدمات

دارالعلوم حقانیہ کا دارالافتاء ملک میں دینی مسائل کے حل کا ایک معتبر ادارہ ہے۔ یہاں کے مفتیان کرام احکام شریعت کی روشنی میں مسائل کا جواب دیتے ہیں۔ فتاویٰ حقانیہ کے مجموعے میں مفتیان کے ہزاروں فتاویٰ محفوظ ہیں جو علمی اعتبار سے انتہائی معتبر اور مستند ہیں۔ مولانا تقی عثمانی لکھتے ہیں:

> جامعہ دارالعلوم حقانیہ نے نہ صرف علمی بلکہ سماجی اور دینی شعور کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کیا ہے۔ یہاں سے فارغ التحصیل علماء کرام ملک کے مختلف خطوں میں تبلیغ، تعلیم، اور دینی اصلاح کے لیے کام کر رہے ہیں۔ اس کا اثر وسیع تر سطح پر محسوس کیا جاتا ہے۔[2]

جامعہ دارالعلوم حقانیہ کی افادیت اور علمی خدمات کا چرچا بہت کم عرصے میں چار سو ہونے لگا۔ ملک کے کونے کونے سے دینی علوم کے شائقین اور طلبہ تحصیل علم کے لیے اس جامعہ کو منتخب کرتے اور یہاں آ کر مستفید ہوتے

---

[1] مولانا تقی عثمانی،فتاویٰ حقانیہ کی جامعیت و اثرات،مکتوب بنام سمیع الحق، فتاویٰ حقانیہ،4/1

[2] مولانا تقی عثمانی،فتاویٰ حقانیہ کی جامعیت و اثرات،مکتوب بنام سمیع الحق، فتاویٰ حقانیہ،ج1،ص5

رہے۔ اسی طرح عوام الناس میں دین کا درد رکھنے والے حضرات خط و کتابت، سوال و جواب، استفتاء و افتاء کے ذریعے اپنے مسائل کے حل کے لیے جامعہ حقانیہ سے رجوع کرنے لگے۔

دارالعلوم حقانیہ کا فقہی کردار

دارالعلوم حقانیہ نے دینی علوم کے فروغ میں جس متحرک کردار کا مظاہرہ کیا، اس کا دائرہ صرف تعلیمی تدریس تک محدود نہیں رہا بلکہ اس نے فقہی علوم کی اشاعت، تحقیق اور تصنیف کے میدان میں بھی نمایاں خدمات انجام دی ہیں۔

فقہ کی اشاعت و ترویج

فتاویٰ حقانیہ کے آغاز میں وسائل کی کمی اور محدود طباعتی سہولیات کے باوجود یہ دینی علوم کے اہم حوالہ جات اور فقہی کتابوں کی تدوین و اشاعت کا مرکز بنا، جہاں محققین و مفتیان کرام نے دین کی صحیح تشریح و ترویج کے لیے بے مثال علمی کاوشیں کیں۔ اس بابرکت خدمات نے نہ صرف علمی ورثے کو محفوظ کیا بلکہ امت کی فقہی ضرورتوں کو پورا کرنے میں بھی گراں قدر کردار ادا کیا۔ شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان لکھتے ہیں:

> دارالعلوم حقانیہ نے جہاں دینِ اسلام کے دیگر شعبوں میں گراں قدر خدمات انجام دی ہیں، وہیں شعبۂ نشر و اشاعت اور تصنیف و تالیف میں بھی وسائلِ طباعت کی کمی کے باوجود نہایت مفید اور بابرکت کام کیا ہے۔[3]

فقہِ حنفی کی روشنی میں دارالعلوم حقانیہ کا علمی اور فقہی کردار نہایت معتبر اور تاریخی حیثیت کا حامل ہے۔ اس ادارے نے نہ صرف روایتی فقہی مسائل کا حل فراہم کیا بلکہ جدید دور کے نئے مسائل کو بھی شرعی اصولوں کی روشنی میں تحلیل کیا۔ تصنیف و تالیف اور اشاعت کے شعبے میں مشکلات کے باوجود دارالعلوم حقانیہ نے مستند کتابوں کی اشاعت کو یقینی بنایا، جو طلبہ، علماء اور مفتیانِ کرام کے لیے علمی رہنمائی کا ذریعہ بنی۔ اس علمی جدوجہد میں ادارے کے مفتیان کرام نے نہ صرف استنباطِ احکام کا معیار بلند کیا بلکہ اجتہادی روح کو بھی پروان چڑھایا۔ یوں دارالعلوم حقانیہ نے فقہ کی خدمت کو دین کی خدمت کے مترادف سمجھ کر ایک متحرک علمی پلیٹ فارم قائم کیا جو آج بھی امت کی دینی رہنمائی میں نمایاں کردار ادا کر رہا ہے۔

شعبہ دارالافتاء کی تشکیل

جامعہ حقانیہ نے اپنی ابتدا ہی میں مختلف شعبے قائم کیے، جن میں تبلیغ دین اور اشاعت علم کے شعبے شامل تھے۔ اسی طرح دارالافتاء کا ایک اہم ترین شعبہ بھی قائم کیا گیا، جو عوام و خواص دونوں کے لیے قابل اعتماد مرکز بن گیا۔ نہ صرف ملک کے مختلف حصوں سے بلکہ دنیا بھر سے علماء، سکالرز اور وکلاء حضرات بھی اپنے مسائل کے حل کے لیے اس دارالافتاء سے رجوع کرتے ہیں۔ مولانا سمیع الحق"فتاویٰ حقانیہ کی تاریخ اور فقہی خدمات" میں لکھتے ہیں:

> عوام کے علاوہ دارالافتاء میں علماء و فاضل حضرات اپنے ذاتی تنازعات اور جھگڑوں کے حل کے لیے بھی رجوع کرتے ہیں۔ جامعہ کے اس شعبے سے کیے گئے فیصلے بلا چون و چرا قبول کیے جاتے ہیں اور یہ سلسلہ ابتداء سے آج تک بلا توقف جاری ہے۔ دارالافتاء ایک بنیادی عدالت کی طرح کام کرتا ہے جہاں فیصلے کروانے والوں کی ہجوم موجود رہتی ہے۔

دارالافتاء سے جاری کیے جانے والے جوابات اور فتوے جامعہ کے اکابر اساتذہ کی مشاورت اور تصدیق کے بعد پیش کیے جاتے ہیں، خصوصاً رئیس دارالافتاء کی نظر ثانی و منظوری کے بعد۔ یہی وجہ ہے کہ دارالافتاء پر عوام و خواص دونوں کا بھرپور اعتماد قائم ہے اور یہاں سے صادر ہونے والے فتوے علمی اور دینی معیار کے عین مطابق ہوتے ہیں۔

فقہی ماہنامہ کی اشاعت

دارالعلوم حقانیہ نے علمی خدمات کو مزید فروغ دینے کے لیے 37 سال قبل ماہنامہ ''الحق'' کا آغاز کیا، جو ایک معتبر اور مستند دینی و فقہی جریدہ بن چکا ہے۔ یہ ماہنامہ مختلف فقہی مسائل، دینی رہنمائی، جدید دور کے چیلنجز، اور امت کے اہم فکری موضوعات پر روشنی ڈالتا ہے۔ ''الحق'' نے علمی حلقوں میں ایک قابلِ اعتماد مرجع کا مقام حاصل کیا ہے جہاں مفتیان کرام اور علماء اپنے فتاویٰ، تحقیقی مضامین، اور دینی مسائل کا حل پیش کرتے ہیں۔ مولانا محمد اکرم کاشمیری"دارالعلوم حقانیہ: علمی تاریخ اور خدمات" میں لکھتے ہیں:

> ''الحق'' کے نام سے ایک موقر اور علمی ماہنامہ تقریباً 37 برس سے جاری ہے۔[4]

ماہنامہ ''الحق'' کی اشاعت دارالعلوم حقانیہ کی علمی ذمہ داری اور فکری خدمت کا مظہر ہے۔ اس نے نہ صرف دینی علوم کی ترویج میں اہم کردار ادا کیا بلکہ فقہ حنفی کی تشریح و توضیح میں بھی گراں قدر خدمات انجام دی ہیں۔ معاصر مسائل کے شرعی حل، مستند فتاویٰ، اور علمی تبصرے اس ماہنامے کو عصر حاضر کے تقاضوں کے عین مطابق ایک

---

[3] شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان ،شیخ عبد الحق حقانی کی حیات و خدمات ، ص42

[4] کاشمیری، محمد اکرم، دارالعلوم حقانیہ: علمی تاریخ اور خدمات، ص18

جامع پلیٹ فارم بناتے ہیں۔ یوں ''الحق'' دارالعلوم حقانیہ کی علمی میراث کو زندہ رکھنے اور نئے فکری ذخائر فراہم کرنے میں کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔

فتاویٰ حقانیہ کا فقہی امتیاز

علوم فقہ میں فتاویٰ حقانیہ کو وہ درجہ حاصل ہے جس سے متعلق حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے دارالعلوم حقانیہ کی فتاویٰ حقانیہ کی خدمات کو دیکھتے ہوئے اسے "دیوبند ثانی" کا لقب عطا کیا، جو اس ادارے کی علمی و دینی خدمات اور عوامی مقبولیت کا آئینہ دار ہے۔ شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان لکھتے ہیں:

> یہ درس و تدریس کا آغاز مسجد کے اندر شہتوت کے درخت کے نیچے ہوا، جہاں قلیل تعداد میں شاگرد اکٹھے ہوئے۔ یہاں سے علمی سفر شروع ہوا اور رفتہ رفتہ اس درسگاہ نے ایک جامع اسلامی تعلیمی ادارے کی شکل اختیار کی۔ اس عمل میں اخلاص اور للہیت کی برکت کا نمایاں کردار تھا۔[5]

دارالعلوم حقانیہ کی بنیاد اور ترقی دارالعلوم دیوبند کی طرز پر ہوئی ہے۔ دیوبند کی تاسیس بھی ایک چھوٹی مسجد میں انار کے درخت کے نیچے شروع ہوئی، اور وہاں محمود معلم و محمود معظم کے زیر نگرانی تعلیم کا سلسلہ جاری رہا۔ دونوں اداروں کی ترقی اور شہرت میں نیت، اخلاص اور للہیت کی اہمیت رہی، جس کے سبب یہ ادارے دینی علوم کے بڑے مراکز میں شمار ہونے لگے۔

فتاویٰ حقانیہ کا علمی مقام اور عوامی اثر

فتاویٰ حقانیہ نے نہ صرف علاقے بلکہ ملک بھر میں دینی تعلیم کے فروغ میں نمایاں خدمات انجام دیں۔ حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اس جامعہ کو "دیوبند ثانی" کا لقب دیا، جو اس کی علمی خدمات اور عوام میں مقبولیت کی دلیل ہے۔ آج دارالعلوم حقانیہ کئی علمی شعبوں، تدریس، تحقیق، اور فتوٰیٰ کے میدان میں فتاویٰ حقانیہ اپنی پہچان رکھتا ہے۔ مولانا محمد اکرم کاشمیری"دارالعلوم حقانیہ: علمی تاریخ اور خدمات" میں لکھتے ہیں:

> دارالعلوم حقانیہ میں شیخ الحدیث حضرت مولانا عبد الحق صاحب رحمۃ اللہ علیہ جیسے جید علماء نے تدریس و تحقیق کے ساتھ ساتھ فتاویٰ حقانیہ کےفتوٰیٰ نویسی میں خدمات انجام دیں۔ ان کے شاگرد آج ملک کے مختلف حصوں میں علمی و دینی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ جامعہ کے اساتذہ کی محنت اور لگن نے ادارے کو علمی بلندیوں تک پہنچایا ہے۔[6]

دارالعلوم حقانیہ میں تدریسی نظام جامع اور منظم ہے، جہاں فقہ، حدیث، تفسیر، کلام، اصول فقہ، اور دیگر دینی علوم کی تعلیم دی جاتی ہے۔ نصاب میں کلاسیکی کتب کی تدریس کے ساتھ جدید دور کے مسائل اور فتوٰیٰ نویسی کی تربیت بھی شامل ہے، تاکہ طلباء علم و عمل دونوں میں مہارت حاصل کریں۔

مرتبین فتاویٰ حقانیہ کا اختصاصی تعارف

جدید ترتیب کا آغاز سال 1992 میں ہوا، اور اگلے تین سے چار سالوں میں فتاویٰ کے مدون دفاتر کا تقریباً نصف حصہ تخریج، تحقیق، ترتیب اور حوالہ جات کی تکمیل کے ساتھ مکمل کیا گیا۔ یہ کام شعبہ تخصص فی الفقہ الاسلامی والافتاء کے تحت ہوا جہاں مختلف طلباء کو اس کا حصہ مقالہ جات کی صورت میں تفویض کیا گیا۔ مولانا مفتی محتار اللہ حقانی کی نگرانی میں ان طلباء نے بھرپور محنت سے تخریج کے کام کو آگے بڑھایا، جن میں قابل ذکر یہ ہیں:

حضرت مولانا مفتی محتار اللہ
حضرت مولانا مفتی محمد یوسفؒ
حضرت مولانا مفتی محمد فرید
حضرت علامہ مولانا عبد الحلیم زرو بوی
حضرت مولانا مفتی محمد علی سواتی
حضرت مولانا مفتی قاضی انوار الدین
حضرت مولانا عبد الحلیم کوہستانی
حضرت مولانا محمد باروت
حضرت مولانا مفتی غلام الرحمن
حضرت مولانا مفتی سیف اللہ ہاشم خان
حضرت مولانا مفتی عبد الحلیم کلاچوی
حضرت مولانا عبد الحق قند با روی
حضرت مولانا مفتی محبوب الر حمن
حضرت مولانا مفتی رشید احمد

---

[5] شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان ،شیخ عبد الحق حقانی کی حیات و خدمات ، ص42

[6] کاشمیری، محمد اکرم، دارالعلوم حقانیہ: علمی تاریخ اور خدمات،ص17

حضرت مولانا مفتی غلام قادر نعمانی
حضرت مولانا حافظ محمد براہیم فانی

فقہی مصادر کتاب سے استفادہ

حضرت مولانا عبد الحق حقانیؒ اپنی فقہی تحقیق و استنباط میں فقہِ حنفی کی معیاری اور معتبر کتب سے خاص استفادہ کرتے تھے۔ بدائع الصنائع، الہدایہ، اور ردّ المحتار جیسی کتب ان کے علمی ذخیرے کا بنیادی حصہ تھیں، جن سے وہ نصوص اور فقہی دلائل حاصل کر کے اپنے فتاویٰ کی بنیاد مضبوط کرتے۔ ان مصادر کی روشنی میں آپ نے فتاویٰ کو فقہی اصولوں اور مستند دلائل کے ساتھ تیار کیا، تاکہ فتویٰ نہ صرف دینی اعتبار سے مستند ہو بلکہ عملی زندگی میں بھی قابلِ قبول اور قابلِ اطلاق ہو۔ شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان لکھتے ہیں:

فتویٰ لکھتے وقت آپ فقہِ حنفی کی مشہور و معتمد کتب بدائع الصنائع، الہدایہ، اور ردّالمحتار سے استفادہ فرمایا کرتے تھے۔[7]

فقہی مصادر کی یہ دقیق انتخاب اور ان سے استفادہ حضرت عبد الحقؒ کی علمی بصیرت اور فقہی مہارت کی علامت ہے۔ بدائع الصنائع، الہدایہ اور ردّ المحتار فقہ حنفی کے بڑے اور معتبر مراجع ہیں جن میں اصول، قواعد، اور تفصیلی مسائل کا مفصل ذکر موجود ہے۔ ان کتب کی مدد سے حضرت عبد الحقؒ نے اپنے فتاویٰ میں نہ صرف فقہی یکسانیت قائم رکھی بلکہ نئے مسائل کے جواب بھی ان اصولوں کی روشنی میں دیے۔ اس طرح کے علمی روایات کی پیروی نے فتاویٰ حقانیہ کو فقہی دائرے میں مستند اور قابلِ اعتماد مجموعہ بنایا، جو طلبہ اور مفتیانِ کرام کے لیے مشعل راہ ہے۔

افراط و تفریط کا لحاظ

حضرت مولانا عبد الحق حقانیؒ کی علمی بصیرت کا ایک اہم پہلو افراط و تفریط سے اجتناب اور اعتدال پسندی کا درس تھا۔ تصوف اور فقہی مذاہب کے درمیان وحدت اور اتفاق پر ان کا واضح مؤقف امت مسلمہ میں فکری اتحاد کی ضرورت کو اجاگر کرتا ہے۔ آپ نے تصوف کے مختلف سلاسل کو ایک ہی روحانی سرچشمے کی مختلف شاخیں قرار دیا اور فقہی مذاہب کو بھی اسی روشنی میں دیکھا۔ اس نظریہ سے اختلافات کو فکری اور عملی اختلافات کی حد تک محدود کرنے کی دعوت دی گئی تاکہ امت میں انتشار اور فرقہ واریت کا خاتمہ ہو۔ مولانا محمد اکرم کاشمیری"دارالعلوم حقانیہ: علمی تاریخ اور خدمات" میں لکھتے ہیں:

> ایک مرتبہ ایک صاحب نے تصوف کے سلاسل کے بارے میں سوال کیا تو حضرت شیخ الحدیثؒ نے فرمایا:
>
> "سلسلۂ قادریہ اور سلسلۂ چشتیہ ایک ہی تالاب کی دو نہریں ہیں۔ دونوں کا مخزن اور مرکز ایک ہے، پانی ایک ہی ہے، صرف راستے جدا جدا ہیں۔ دوسرے سلاسلِ تصوف اور فقہی مذاہب کا بھی یہی حال ہے۔ حنفیّت، حنبلیّت اور مالکیّت سب ایک ہی سرچشمے سے سیراب ہوتے ہیں۔ مقصد سب کا ایک ہے، فرق صرف طریقِ کار میں ہے۔ بعض لوگ دانستہ طور پر تصوف کے ان سلاسل اور فقہی مذاہب کو فرقہ واریت کا رنگ دے کر لوگوں کو گمراہ کرتے ہیں۔ مسلمانوں کو ایسے لوگوں سے ہوشیار رہنا چاہیے۔"[8]

شیخ الحدیثؒ کا یہ بیان افراط و تفریط کی مذمت اور اعتدال کی اہمیت کی گہری عکاسی کرتا ہے۔ تصوف کے مختلف سلسلوں اور فقہی مذاہب کے باہمی تعلق کو ایک مشترکہ سرچشمے سے جوڑنا اس بات کا ثبوت ہے کہ اختلافی نقطہ نظر کے باوجود امت میں اتحاد ممکن اور ضروری ہے۔ آپ کی نصیحت اس دور کے فکری انتشار اور فرقہ وارانہ رجحانات کے خلاف ایک عملی حکمتِ عملی ہے جو مسلمانوں کو یکجہتی اور بھائی چارے کی طرف راغب کرتی ہے۔ یہ اعتدال پسندی اور جامعہ نظریہ آج بھی امت کی فکری صحت اور استحکام کے لیے انتہائی اہم ہے۔

جامع اور سادہ جوابات

حضرت مولانا عبد الحق حقانیؒ کے فتاویٰ کی ایک نمایاں خوبی ان کا سادہ، جامع اور آسان الفاظ میں مسائل کا حل پیش کرنا تھا۔ آپ اس بات کو بہت اہمیت دیتے تھے کہ فتویٰ عام عوام تک پہنچے اور ہر قاری اسے بآسانی سمجھ سکے۔ اسی لیے آپ نے پیچیدہ اصطلاحات اور مبہم جملوں سے گریز کیا اور واضح، مختصر مگر مدلل جوابات تحریر فرمائے۔ مولانا تقی عثمانی لکھتے ہیں:

> حضرت کے فتاویٰ کی ایک اور نمایاں خصوصیت یہ تھی کہ آپ مسائل کے جوابات نہایت سادہ، جامع اور آسان الفاظ میں تحریر فرماتے، تاکہ عام قاری بھی آسانی سے سمجھ سکے۔ ساتھ ہی آپ حوالہ جات کا خصوصی اہتمام فرماتے تھے تاکہ کسی قسم کا شبہ باقی نہ رہے۔[9]

---

[7] شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان ،شیخ عبد الحق حقانی کی حیات و خدمات ، ص44

[8] کاشمیری، محمد اکرم، دارالعلوم حقانیہ: علمی تاریخ اور خدمات، ص26

[9] مولانا تقی عثمانی،فتاویٰ حقانیہ کی جامعیت و اثرات،مکتوب بنام سمیع الحق، فتاویٰ حقانیہ،ج1،ص7

حضرت کی اس علمی حکمت نے فتاویٰ حقانیہ کو ہر طبقے کے لیے قابلِ فہم اور قابلِ عمل بنایا۔ اس کے ساتھ آپ کے حوالہ جات کا خاص اہتمام فتویٰ کی مستند حیثیت کو مضبوط کرتا ہے اور فتوے کی قابلِ اعتمادیت کو بڑھاتا ہے۔ یہ روش نہ صرف علمی ذمہ داری کا مظہر ہے بلکہ امت کی فکری رہنمائی میں بھی موثر کردار ادا کرتی ہے۔ محمد اکرم کاشمیری نے ماہنامہ الحسن لاہور میں اس پہلو کو اجاگر کرتے ہوئے بتایا کہ فتاویٰ حقانیہ میں سادگی اور وضاحت کے ساتھ فقہی دلیل کی مکمل موجودگی اسے ایک مثالی فقہی مجموعہ بناتی ہے۔

فتاویٰ حقانیہ کا فقہی منہج

منہج کا لغوی معنیٰ ہے راستہ ، طریقہ مسلک یہ لفظ قرآن مجید فرقانِ حمید میں بھی مذکور ہے۔ ارشادِ ربانی ہے:

- لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَمِنْهَاجًا ۔[10]

" ہم نے تم سب کے لیے ایک ایک شریعت اور راستہ رکھا ۔"

علامہ ابن منظور الافریقی لکھتے ہیں :

- "وطُرُقٌ نَهْجَةٌ، وسبيلٌ مَنْهَجٌ: كَنَهْجٍ"

" راستے پر پہنچنا،جیساکہ کہا جاتا ہے مَنْهَجٌ: كَنَهْجٍ راستہ اختیار کرنا ۔"

مندرجہ بالا عبارت میں علامہ ابنِ منظور الافریقی لکھتے ہیں کہ منہج سے مراد مسلک یا راستہ ہے ۔ ڈاکٹر شگفتہ جبین صاحبہ لکھتی ہیں :

> " منہج ، مسلک ،راستہ، طریقہ اور اصول کو کہتے ہیں اور اس کیلیے انگریزی میں لفظ Method استعمال کیا جاتا ہے اور اس سے مراد اصول طریقہ کار جس کو کوئی مصنف اپنے علمی کام کے دوران استعمال کرتا یا ان کو ملحوظ رکھتا ہے، منہج کی دو اقسام ہیں خارجی منہج اور داخلی منہج۔ "[11]

فتاویٰ حقانیہ میں فقہی ابواب کی ترتیب میں قدیم فقہی روایات اور ترتیب کا خاص خیال رکھا گیا ہے تاکہ شریعت کی متواتر روایت اور علمی تسلسل برقرار رہے۔

فقہی ابواب کی قدیم ترتیب

فتاویٰ حقانیہ میں فقہی ابواب کی ترتیب میں قدیم فقہی روایات اور ترتیب کا خاص خیال رکھا گیا ہے تاکہ شریعت کی متواتر روایت اور علمی تسلسل برقرار رہے۔ اس قدیم ترتیب کی پابندی سے فقہی مسائل کو ان کی روایتی جگہ پر رکھا گیا ہے، جو قاری کو فقہی مباحث کی منطقی تفہیم اور تدریجی فہم میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔ شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان لکھتے ہیں:

> اگرچہ جدید مسائل پر توجہ دی گئی ہے، لیکن فقہی ابواب کو قدیم ترتیب کے مطابق رکھا گیا ہے تاکہ روایت اور ترتیب کی پابندی برقرار رہے۔ البتہ کتاب "الکراہیۃ" اور "البدعہ" کو بدعات و رسومات کے ساتھ ملایا گیا ہے تاکہ فتوے کے ضمن میں بدعات و رسوم کے مسائل بھی جامع انداز میں پیش کیے جا سکیں۔[12]

تاہم جدید ضرورتوں اور موضوعات کی جامعیت کے پیش نظر کتاب "الکراہیۃ" اور "البدعہ" کو بدعات و رسومات کے موضوعات کے ساتھ ملایا گیا ہے، تاکہ فقہی احکام کے دائرے میں شامل بدعات و رسوم کے مسائل بھی مربوط اور مکمل انداز میں زیر بحث آ سکیں۔ اس امتزاج سے فتاویٰ حقانیہ نہ صرف روایتی ترتیب کا پابند رہا بلکہ عصر حاضر کی پیچیدگیوں کا بھی بھرپور ادراک اور حل پیش کرنے والا علمی مجموعہ بن گیا۔

کتاب و ابواب بندی کی منظم ترتیب

فتاویٰ حقانیہ کی تدوین میں کتابوں اور ابواب بندی کی منظم ترتیب کو خاص طور پر مدنظر رکھا گیا ہے۔ ہر کتاب کے اندر موجود ذیلی ابواب کو واضح اور جلی حروف (Bold) میں تحریر کیا گیا ہے تاکہ قاری کو عنوانات کی شناخت اور مسائل کی تلاش میں سہولت فراہم ہو۔ شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان لکھتے ہیں:

> ہر کتاب میں موجود ذیلی ابواب کو واضح اور جلی حروف (Bold) میں تحریر کیا گیا ہے، تاکہ قاری کو عنوانات کے تحت مسائل کی تلاش میں آسانی ہو۔ ہر ذیلی باب کے تحت اس سے متعلقہ مسائل درج کیے گئے ہیں تاکہ ترتیب میں شفافیت اور جامعیت برقرار رہے۔[13]

ہر ذیلی باب کے تحت اس سے متعلقہ مسائل مرتب اور منظم انداز میں درج کیے گئے ہیں، جس سے علمی ترتیب میں شفافیت اور جامعیت قائم رہتی ہے۔ اس طریقہ کار سے نہ صرف مطالعہ آسان ہوتا ہے بلکہ قاری کو مسائل کی تفہیم میں

---

[10] المائدۃ48:5

[11] نعمۃ الباری کا منہج و اسلوب، ڈاکٹر شگفتہ جبین، دارلاسلام لاہور،ص58

[12] شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان ،شیخ عبد الحق حقانی کی حیات و خدمات ،ص32

[13] شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان ،شیخ عبد الحق حقانی کی حیات و خدمات ،ص34

بھی مدد ملتی ہے، کیونکہ وہ اپنے مطلوبہ موضوع تک جلد اور مؤثر طریقے سے پہنچ سکتا ہے۔ یوں فتاویٰ حقانیہ کی کتاب و ابواب بندی کا یہ منظم اسلوب علمی معیار اور قراءت کی سہولت کا بہترین امتزاج ہے۔

ضخامت فتاویٰ حقانیہ

فتاویٰ حقانیہ کی ضخامت اور جامعیت اس کے علمی معیار کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ تقریباً ساڑھے تین ہزار صفحات پر مشتمل یہ چھ جلدیں ہزاروں مسائل کے تفصیلی، عام فہم اور مدلل جوابات پر مشتمل ہیں۔ ہر جواب کو محققانہ انداز میں ترتیب دیا گیا ہے تاکہ قاری کو نہ صرف مسئلہ کی شرعی حیثیت سمجھ آئے بلکہ اس کا پس منظر اور استدلال بھی واضح ہو۔ مولانا تقی عثمانی لکھتے ہیں:

> فتاویٰ حقانیہ کی تقریباً ساڑھے تین ہزار صفحات پر مشتمل اِن چھ جلدوں میں ہزاروں سوالات کے جوابات نہایت عام فہم، مدلل اور محققانہ انداز میں دیے گئے ہیں۔ ان جوابات کی ترتیب و تحقیق میں جن امور کا خیال رکھا گیا ہے۔[14]

ان جوابات کی ترتیب و تحقیق میں خاص امور کا خیال رکھا گیا ہے، جن میں حوالہ جات کی مضبوطی، متعدد فقہی آراء کا ذکر، پیچیدہ مسائل کی سادہ زبان میں تشریح، اور فتاویٰ کی علمی جامعیت شامل ہیں۔ اس منظم اور تحقیقی منہج نے فتاویٰ حقانیہ کو ایک معتبر اور قابلِ اعتماد فقہی مرجع بنادیا ہے جو عصر حاضر کے فقہی مسائل کے حل میں رہنمائی فراہم کرتا ہے۔

مراجع و مصادر کا اہتمام

فتاویٰ حقانیہ میں مراجع و مصادر کا خصوصی اہتمام کیا گیا ہے تاکہ ہر فتویٰ کی سند و استناد مضبوط اور معتبر ہو۔ ہر مسئلے کے ساتھ اس کے دلائل اور فقہی کتبِ معتبر سے مستند حوالہ جات تفصیل سے درج کیے گئے ہیں، جس سے قاری کو نہ صرف فتویٰ کی شرعی صحت کا یقین ہوتا ہے بلکہ وہ تحقیق و استدلال کے عمل میں بھی خود کو شریک محسوس کرتا ہے۔ مولانا مظہر خان تونسوی لکھتے ہیں:

> ہر فتویٰ کے ساتھ اس کے دلائل اور فقہ کی معتبر کتب سے حوالہ جات درج کیے گئے ہیں، تاکہ قاری کے لیے تحقیق و استدلال کا دروازہ کھلا رہے۔[15]

یہ جامع حوالہ جاتی نظام علمی تحقیق کو فروغ دیتا ہے اور قاری کو موقع فراہم کرتا ہے کہ وہ مزید گہرائی میں جا کر فقہی موضوعات کا مطالعہ اور تصدیق کر سکے۔ یوں مراجع و مصادر کی درست ترتیب اور انتخاب نے فتاویٰ حقانیہ کو ایک معتبر، تحقیقی اور مستند فقہی مجموعہ بنانے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔

نظم و ترتیب کی جامع ساخت

ہر کتاب میں ذیلی ابواب قائم کیے گئے ہیں اور ہر سوال کے ساتھ اس مسئلے کا واضح عنوان درج کیا گیا ہے۔ مزید یہ کہ ہر جلد کی پشت پر اس میں شامل کتب کی فہرست بھی تحریر کی گئی ہے، تاکہ مطالعے میں آسانی پیدا ہو۔مولانا مظہر خان لکھتے ہیں :

> جدید دور میں پیدا ہونے والے فقہی مسائل کا بھی ایک معتدبہ حصہ اس مجموعے میں شامل کیا گیا ہے۔ جامعہ حقانیہ کے دارالافتاء سے لکھے گئے وہ جدید فتاویٰ، جو ماہنامہ "الحق" میں شائع ہوچکے تھے، مناسبت کو مدنظر رکھتے ہوئے متعلقہ ابواب میں شامل کیے گئے ہیں۔[16]

فتاویٰ حقانیہ میں جدید دور میں پیدا ہونے والے فقہی مسائل کو بھی خصوصی اہمیت دی گئی ہے۔ اس مجموعے میں جامعہ دارالعلوم حقانیہ کے دارالافتاء سے جاری کردہ جدید فتاویٰ شامل کیے گئے ہیں، جو قبل ازیں ماہنامہ "الحق" میں شائع ہو چکے تھے۔ان جدید فتاویٰ کو ان کے موضوعاتی مناسبت کے پیش نظر متعلقہ ابواب میں ضم کیا گیا ہے تاکہ مجموعے کی جامعیت اور عصری ضروریات کے ساتھ ہم آہنگی برقرار رہے۔ یہ علمی حکمت عملی اس بات کا ثبوت ہے کہ فتاویٰ حقانیہ نہ صرف روایتی فقہی علوم کا عکاس ہے بلکہ جدید مسائل کے فکری و شرعی حل میں بھی مؤثر رہنما ہے، جو قاری کو موجودہ دور کے تقاضوں کے مطابق فقہی رہنمائی فراہم کرتا ہے۔

فتاویٰ بنام دارالافتاء

فتاویٰ حقانیہ میں فتاویٰ کی نسبت فردی مفتیانِ کرام کے بجائے مجموعی طور پر دارالافتاء جامعہ دارالعلوم حقانیہ کو دی گئی ہے۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ ہر فتویٰ کو ایک مستند اور منظم ادارے کی علمی و تحقیقی کاوش کے طور پر پیش کیا جائے، جہاں تمام مفتیانِ کرام کا علمی تبحر، تجربہ اور تقویٰ یکساں طور پر معتبر سمجھا جاتا ہے۔ محمد اکرم کشمیری لکھتے ہیں:

---

[14] مولانا تقی عثمانی،فتاویٰ حقانیہ کی جامعیت و اثرات،مکتوب بنام سمیع الحق، فتاویٰ حقانیہ،ج1،ص7

[15] مولانا مظہر خان تونسوی ، فتاویٰ حقانیہ کا تعارف اور منہج و اسلوب، ماہنامہ البینات،کراچی،جون2002ء،شمارہ 53،ص31

[16] ایضاً

فتاویٰ کی نسبت انفرادی مفتیان کرام کے بجائے مجموعی طور پر دارالافتاء جامعہ دارالعلوم حقانیہ کو دی گئی ہے، کیونکہ تمام مفتیان کرام کا علمی تبحر اور تقویٰ معتبر ہے اور یہ فتاویٰ مشترکہ تحقیقی کاوش کا نتیجہ ہیں۔[17]

یہ فتاویٰ مشترکہ تحقیقی محنت، منہجی تحقیق اور باہمی علمی تعاون کا نتیجہ ہیں، جو فرد واحد کی رائے سے بالاتر ہو کر ایک مربوط فقہی ادارے کی نمائندگی کرتے ہیں۔ اس طریقہ کار نے فتاویٰ حقانیہ کو نہ صرف یکجہتی اور علمی وقار بخشا بلکہ اسے ایک مستند، قابلِ اعتماد اور جامع دارالافتاء کے طور پر معتبر مقام عطا کیا ہے۔

حاشیہ کا وضاحت اسلوب

فتاویٰ حقانیہ میں حوالہ جات کی ترتیب و تنظیم میں خاصی باریک بینی اور وضاحت کے اسلوب کو اپنایا گیا ہے۔ مرکزی متن میں جو حوالہ دیا جاتا ہے، وہ مسئلہ کے جواب کے ساتھ براہِ راست شامل ہوتا ہے تاکہ قاری کو فوراً مستند دلیل نظر آئے۔ باقی حوالہ جات کو **حاشیہ** میں درج کیا جاتا ہے، جہاں ایک حوالہ مکمل عبارت کے ساتھ ہوتا ہے جبکہ باقی حوالہ جات میں صرف کتاب کا نام، جلد نمبر اور صفحہ نمبر شامل کیے جاتے ہیں۔اکرم کشمیری لکھتے ہیں :

> فتاویٰ میں حوالہ جات کی ترتیب خاص دھیان سے رکھی گئی ہے: ایک حوالہ جواب کے ساتھ مرکزی متن میں شامل کیا گیا ہے جبکہ باقی حوالہ جات کو حاشیہ میں تحریر کیا گیا ہے۔ حاشیہ میں ایک حوالہ مکمل عبارت کے ساتھ ہوتا ہے اور باقی حوالہ جات میں صرف کتاب کا نام، جلد نمبر اور صفحہ نمبر شامل کیے گئے ہیں تاکہ قاری کے لیے تفصیلی مطالعہ آسان ہو۔[18]

اس اسلوب کا مقصد قاری کے لیے تفصیلی اور جامع مطالعہ کو آسان بنانا ہے، تاکہ وہ چاہے تو حاشیہ میں دی گئی اضافی معلومات سے مسئلے کی گہرائی میں جا سکے۔ اس ترتیب سے نہ صرف متن کی روانی برقرار رہتی ہے بلکہ علمی حوالہ جات کا احاطہ بھی مؤثر انداز میں کیا جاتا ہے، جو فتاویٰ حقانیہ کی تحقیق اور استناد کی مضبوطی کا ایک نمایاں پہلو ہے۔

حوالہ جات کی حسنِ ترتیب

فتاویٰ حقانیہ میں حوالہ جات کی حسنِ ترتیب پر خاص توجہ دی گئی ہے۔ ہر حوالہ میں کتاب کا نام، جلد نمبر، صفحہ نمبر کے ساتھ ساتھ متعلقہ باب اور فصل کا ذکر بھی شامل کیا گیا ہے تاکہ قاری کو قدیم اور جدید ایڈیشنز کے اختلافات کے باوجود اصل ماخذ تک رسائی میں آسانی ہو۔محمد اکرم کشمیری لکھتے ہیں:

> حوالہ جات میں کتاب کا نام، جلد نمبر، صفحہ نمبر کے ساتھ ساتھ باب اور فصل کا بھی ذکر کیا گیا ہے تاکہ قدیم اور جدید ایڈیشنز کے اختلافات کے باوجود قاری اصل ماخذ کی جانب آسانی سے رجوع کر سکے۔

